اعتماد کی پالیسی - 26 جنوری، 2021

**I. مقصد**

One Fairfax کا ماننا ہے کہ کاؤنٹی کا قومی، نسلی، اور لسانی تنوع اس کی قوت کا بنیادی ذریعہ ہے۔ کاؤنٹی اپنے رہائشیوں کی امیگریشن یا شہریتی حیثیت سے بالاتر ہو کر، ان کے حقوق کا تحفظ کرنے کے لیے، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مصروف عمل ہے کہ ہماری معاشی زندگی میں حصہ لینے کے لیے ان کے پاس یکساں مواقع ہوں۔ عوامی اعتماد اور رازداری کی پالیسی (The Public Trust and Confidentiality Policy) (اعتماد کی پالیسی) کو کاؤنٹی کی حالیہ پالیسی کو دوبارہ تسلیم کرنے، کمیونٹی کی صحت، بہبود، حفاظت اور سکیورٹی کو بہتر بنانے اور اعتماد کو بڑھانے کے لیے اس بات کو یقینی بناتے ہوئے جاری کیا جا رہا ہے کہ مہاجر رہائشی کاؤنٹی کے وظائف اور خدمات تک اس بات کے خوف کے بغیر رسائی پا سکتے ہوں کہ ان کی جانب سے شیئر کی جانے والی معلومات کو وفاقی امیگریشن حکام پر عیاں کیا جائے گا۔ وفاقی امیگریشن قانون کی نفاذ میں سہولت پہنچانے کے لیے Fairfax کے وسائل کا یہ استعمال مناسب نہیں ہے، جو کہ کُلی طور پر وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ شہری انتظامی امیگریشن نافذ کرنے والے ادارے کے ساتھ تعاون کرنا خاص طور پر مشکل کا سبب بن سکتا ہے کیونکہ یہ فوجداری قانون کے آئینی تحفظات سے محروم ہے، اور ICE کی شہری حراست کی درخواستیں زیادہ تر مغالطے میں جاری کی جاتی ہیں۔ کاؤنٹی امیگریشن اور کسٹمز نفاذ کے ادارے (Immigration and Customs Enforcement, ICE) اور دیگر وفاقی امیگریشن حکام، اس کے ساتھ مصدقہ عدالتی وارنٹس اور طلبی کے پروانوں پر تعاون کے لیے لازماً تمام وفاقی یا ریاستی قانون اور ضوابط پر عمل کرے گی، لیکن اس کے علاوہ ایسی قابل شناخت ذاتی معلومات کو شیئر کرنے پر پابندی لگا دے گی جو امیگریشن نفاذ کے ادارے کی کوششوں کو بڑھاوا دینے کی خاطر استعمال کی جا سکتی ہوں۔

**II. تصریحات**

**انتظامی وارنٹ:** امیگریشن نفاذ کے اہلکار کی جانب سے جاری کردہ ایک دستاویز، بشمول ان دستاویزات کے جو امریکی محکمہ برائے داخلی سکیورٹی (DHS)، امریکی امیگریشن اور کسٹمز نفاذ کے ادارے (ICE) یا انتظامی امیگریشن جج (IJ) کی جانب سے جاری کی گئی ہوں، جن کا تعلق امیگریشن قانون کی مشتبہ خلاف ورزیوں سے ہو۔ اصطلاح میں شہری انتظامی وارنٹس، انتظامی طلبیاں، حراست کی درخواستیں، نکالے جانے کے احکامات، ڈیٹا بیس اندراجات (مثلاً، قومی مرکز برائے جرائم کی معلومات (National Crime Information Center) کی جانب سے) اور کسی فرد کو حراست میں لینے یا قید کرنے کا یا معلومات کا اسی قسم کا شہری حکم شامل ہے۔ انتظامی وارنٹ فوجداری جوڈیشل وارنٹ نہیں ہوتا۔

**محکمہ:** Fairfax کاؤنٹی کی تمام حکومتی ایجنسیز، محکمے، اور کاونٹی کے دیگر حکام جو کاؤنٹی کی طرف سے کارروائی کے مجاز ہیں۔

**شہریت یا امیگریشن کی حیثیت:** شہریت سے مراد یہ ہے کہ آیا ایک شخص امریکہ کا شہری ہے (بشمول وہ افراد جو امریکی شہریت کے علاوہ کسی دوسرے ملک کی شہریت بھی رکھتے ہیں) یا محض کسی دوسرے ملک کا شہری ("ایک غیر ملکی") ہے۔ امیگریشن حیثیت سے مراد وہ اجازت ہے جو ایک غیر ملکی کو امریکہ میں ان کی موجودگی کے سلسلے میں حاصل ہوتی ہے (مثلاً، دیگر اقسام کی حیثیت میں سے، مستقل قانونی رہائش، مشروط مستقل رہائش، حامل ویزا، عارضی تحفظ یافتہ یا غیر دستاویزی حیثیت)۔ تسلیم کردہ شہریت یا امیگریشن کی حیثیت سے مراد وہ خصوصیات ہیں جو یہ بتاتی ہیں کہ ایک فرد ایک غیر ملکی یا غیر یقینی امیگریشن کی حیثیت کا حامل ہو سکتا ہے، جیسا کہ اصل یا فرضی مقام پیدائش، اصل آبائی وطن، حسب نسب، مادری زبان، "غیر ملکی" دِکھنا یا لگنا، آبائی وطن کی کوئی بھی اور علامت یا سوشل سکیورٹی نمبر کا نہ ہونا۔ یہ خصوصیات "شہریت یا امیگریشن کی حیثیت" کی اصطلاح سے الگ، اور ان میں شامل نہیں ہیں۔

**قابل شناخت ذاتی معلومات:** ایسی کوئی بھی معلومات جو علیحدہ یا کسی مخصوص فرد سے منسوب یا لائق منسوب ذاتی یا شناختی معلومات کے ساتھ ملانے پر ایک فرد کی شہریت، امیگریشن کی حیثیت، آبائی وطن، نسل، قومیت، لسانی مہارت، مذہب، جنسی رجحان، صنفی شناخت، معذوری، عمر، مقام اور تاریخ پیدائش، ازدواجی حیثیت، گھریلو تشدد یا سبکدوشی کی حیثیت میں تفریق کرنے یا اس کا سراغ پانے کی خاطر استعمال کی جا سکتی ہوں؛ اور حکومتی شناختی عوامل (ڈرائیور کا لائسنس، بائیومیٹرک ڈیٹا جیسا کہ فنگر پرنٹس اور چہرے کے نقوش، سوشل سکیورٹی/ٹیکس دہندہ کے شناختی/پاسپورٹ/ویزا نمبرز)، سرکاری معاونت/خدمات کی رسید، ہاؤسنگ ریکارڈز یا ٹیکس ریکارڈز۔ اصطلاح میں وہ معلومات بھی شامل ہیں جو کسی غیر ملکی یا امیگریشن کی غیر یقینی حیثیت رکھنے والے فرد کی شناخت کرنے، رابطہ کرنے اور/یا اس کے مقام کا تعین کرنے میں استعمال ہو سکتی ہیں، ان میں بلاتحدید شامل ہیں: گھر/کام کی جگہ کا پتہ، کسی دوسرے سے رابطہ کرنے کے ذرائع، اور نفاذ قانون کی معلومات جیسا کہ قید سے رہائی کی تاریخ۔

**عدالتی حکم:** ریاستی یا وفاقی عدالت کی جانب سے درج کردہ حکم، اس میں انتظامی امیگریشن عدالت شامل نہیں۔

**فوجداری جوڈیشل وارنٹ:** ریاستی یا وفاقی عدالت کی جانب سے ممکنہ وجہ سامنے آنے پر اس بات پر یقین کرتے ہوئے جاری کیا گیا وارنٹ کہ وفاقی، ریاستی، یا مقامی فوجداری قانون کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔

**ملازم:** کاؤنٹی یا محکمے کا ملازم یا ان کی ایما پر مصروف عمل ایسا کوئی بھی شخص جسے یہاں ملازم، ایجنٹ یا نمائندے کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔

**گھر کا فرد:** فرد کا (1) قریبی یا دور کا رشتہ دار، (2) شریک حیات یا شریک حیات کا قریبی یا دور کا رشتہ دار، (3) رضاعی والد/والدہ یا بچہ یا رضاعی والد/والدہ/بچے کا قریبی یا دور کا رشتہ دار، (4) عدالت کی جانب سے مقرر کردہ قانونی سرپرست یا سرپرستی پر مامور شخص یا (5) کوئی دوسرا فرد جو اس فرد کے ساتھ ایک ہی رہائش گاہ پر باقاعدہ مقیم ہو۔

**امیگریشن اور کسٹمز نفاذ کا ادارہ (ICE):** امریکی محکمہ برائے داخلی سکیورٹی (DHS) کے تحت کام کرنے والی نفاذ قانون کی ایک وفاقی ایجنسی جو اندرون امریکہ میں امیگریشن قوانین کے نفاذ اور امیگریشن کی انتظامی کارروائیوں میں امریکہ کی نمائندگی کی ذمہ دار ہے۔ یہ تصریح ICE کے تحت کام کرنے والی کسی بھی ایجنسی پر لاگو ہو گی۔

**امیگریشن کے نفاذ کا اہلکار:** امیگریشن کے نفاذ کے آپریشنز سے منسلک کوئی بھی وفاقی ملازم یا ایجنٹ جن میں ICE, DHS اور امریکی محکمہ انصاف (DOJ) کے ایجنٹس بلاتحدید شامل ہیں۔

## III. رازداری کے تحفظ اور عوامی اعتماد میں اضافے کے معیارات

A. <u>معلومات کی درخواست کرنا، ان تک رسائی پانا یا انہیں عیاں کرنا ممنوع ہے</u>

1. *شہریت یا امیگریشن کی حیثیت*۔ کوئی ملازم کسی فردکی شہریت یا امیگریشن کی حیثیت کسی فرد یا ادارے کے لیے طلب، ریکارڈ کاؤنٹی ریکارڈز تک رسائی یا انہیں عیاں نہیں کرے گا، تاوقتیکہ کارروائی (a) مصدقہ ریاستی یا وفاقی قانون یا ضابطے، جوڈیشل وارنٹ، عدالتی حکم یا پروانہ طلبی کے تحت درکار ہو یا 8 U.S.C. § 1373(a) کے مطابق ہو، جو یہ بیان کرتا ہے کہ " وفاقی، ریاستی، یا مقامی قانون کی شرط کے باوجود، وفاقی، ریاستی، یا مقامی حکومتی محکمہ یا اہلکار، کسی بھی حکومتی ادارے یا اہلکار کو، کسی بھی فرد کی شہریت یا امیگریشن حیثیت، آیا قانونی یا غیر قانونی، کے بارے میں امیگریشن اور عمومیت کاری کی خدمت کی معلومات بھیجنے، یا موصول کرنے کو ممنوع، یا کسی بھی طریقے سے مسدود نہیں کر سکتا" یا (b) کارروائی کی اجازت فرد یا سرپرست نے دی ہو۔ اعتماد کی اس پالیسی میں کسی بھی چیز کو وفاقی قانون سے متصادم نہیں سمجھا جائے گا۔

2. *دیگر قابل شناخت ذاتی معلومات*۔ کوئی ملازم کسی قابل شناخت ذاتی معلومات کو کسی فرد یا ادارے کے لیے طلب، کاؤنٹی ریکارڈز/ڈیٹا بیس کے ذریعے سے رسائی یا انہیں عیاں نہیں کرے گا، تاوقتیکہ کارروائی (a) مصدقہ ریاستی یا وفاقی قانون یا ضابطے، جوڈیشل وارنٹ، عدالتی حکم یا پروانہ طلبی کی وجہ سے درکار ہو؛ (b) فرد یا سرپرست کی جانب سے مجاز کردہ ہو؛ یا (Fairfax) محکمے کے مشن یا ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے درکار ہو اور انکشاف صرف ان افراد تک محدود ہو جو ایسے مشن یا ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہیں۔

   ایجنسی کی مقررہ ہدایتوں کے مطابق اور سپروائزی منظوری کے تحت ضرورت کا تعین کیا جائے گا۔

3. *قانون کا نفاذ*۔ عمومی احکامات (بشمول عمومی حکم 604، امیگریشن کی حیثیت، شہریت، اور آبائی وطن)، معیاری عملیاتی طریقہ ہائے کار (SOPs)، اور دیگر داخلہ پالیسیز، وفاقی شہری امیگریشن قوانین اور دفعات کو نافذ نہ کرنے کے ذریعے، اور انتظامی امیگریشن وارنٹس کی خدمت، FCPD قابو کی پالیسی اور طریقے میں شامل نہ ہو کر کمیونٹی کے اعتماد کو سہولت پہنچانے اور اسے ترویج دینے کے لیے Fairfax کاؤنٹی کے محکمہ پولیس (FCPD) کی ذمہ داری کی توثیق اور دوبارہ یقین دہانی کرواتے ہیں۔ خاص طور پر، عمومی حکم 604 اس پالیسی کے عین مطابق پایا گیا ہے۔ اگر کاؤنٹی کی دیگر ایجنسیز کی بات کی جائے، تو FCPD کی پالیسیز کا جائزہ یہ دیکھنے کے لیے لیا جائے گا کہ یہ درج بالا A1 اور A2 میں بیان کردہ معیارات کے مطابق اعتماد کی پالیسی کو تسلیم کرتے ہیں۔

4. *استثنا جات*۔ (a) *حفاظتیں اور وظائف:* اگر کسی فرد کی شہریت یا امیگریشن کی حیثیت ان حفاظتوں اور وظائف سے متعلق ہے جو انہیں ریاستی یا وفاقی قانون یا ضابطے کا پابند کرتے ہیں یا عالمی میثاق کی جانب سے درکار ہیں، تو ایجنسی کا ملازم متعلقہ حفاظت یا تقاضے سے فرد کو مطلع کرتا ہے اور انہیں اپنی شہریت یا امیگریشن کی حیثیت کو *رضاکارانہ طور پر ظاہر کرنے کا موقع دیتا ہے*۔ (b) *پروگرام کے جائزے کے لیے آبادیاتی شمار کا ڈیٹا:* اس سیکشن میں، شہریت اور امیگریشن کی حیثیت کے سوا، ایسی کوئی بھی چیز نہیں جو پروگرام کے جائزے کے لیے مفید ڈیٹا جمع کرنے اور اسے شائع کرنے سے روکنے کی نیت پر مبنی ہو، تاوقتیکہ مطلوبہ ڈیٹا کو صیغہ راز میں رکھا جائے اور کاؤنٹی سے باہر اسے عیاں نہ کیا جائے۔ یہاں ایسی کوئی چیز نہیں جو غیر شناخت شدہ تخمینہ شدہ ڈیٹا کو کاؤنٹی سے باہر محدود کرنے کے لیے بنائی گئی ہو۔

B. عوامی سہولیات اور وسائل تک رسائی ممنوع ہے

ملازمین کاؤنٹی کی کسی قسم کی سہولتوں، کسی مرکز کے ارد گرد موجود املاک، سازوسامان، ریکارڈز یا ڈیٹا بیسز یا فنڈز جن تک عوامی رسائی نہ میسر ہو، ان تک رسائی فراہم نہیں کریں گے تاوقتیکہ اس وفاقی یا ریاستی قانون یا ضابطے، فوجداری جوڈیشل وارنٹ، عدالتی حکم یا پروانہ طلبی کی جانب سے ضروری نہ قرار دیا جائے جو مطلوبہ معلومات یا افراد کی نشاندہی کرتے ہوں۔

C. شہری امیگریشن کے نفاذ کے لیے کاؤنٹی کے فنڈز کا استعمال ممنوع ہے

اعتماد کی اس پالیسی کے تحت ملازم کے عمل کی واضح اجازت مل جانے تک، امیگریشن کے نفاذ کے اہلکاران کو کسی فرد کی قابل شناخت معلومات تک بلاواسطہ یا بالواسطہ رسائی فراہم کرنے کے ذریعے، ملازمین کاؤنٹی کے وسائل استعمال میں نہیں لائیں گے (جن میں سہولیات، سازوسامان، سیل فونز، دفتری ساز و سامان، ریڈیوز، ای میلز، ڈیٹا بیسز اور ڈیوٹی پر موجود ملازم کا وقت بلاتحدید شامل ہے)۔

D. شہریت یا امیگریشن کی حیثیت کی بنیاد پر دھمکیاں اور مار پیٹ کے افعال ممنوع ہیں

ملازمین کسی کو بھی ان کی شہریت یا امیگریشن کی حیثیت، اصل یا فرضی، یا فرد کے گھر کے کسی بھی رکن کو ان کی اصل یا فرضی شہریت یا امیگریشن کی حیثیت کی وجہ سے دھونس، دھمکی نہیں دیں گے یا خوفزدہ نہیں کریں گے۔ ریاستی یا وفاقی قانون یا ضابطے یا عدالتی حکم جب تک متقاضی نہ ہوں تب تک ملازم کاؤنٹی کے وظائف، مواقعوں یا خدمات کی فراہمی کو اصل یا فرضی شہریت یا امیگریشن کی حیثیت کی وجہ سے نہیں روکے گا۔

E. شہری امیگریشن کے نفاذ کی سہولت کاری ممنوع ہے

ملازمین شہری امیگریشن کے نفاذ کے آپریشنز میں نہ تو شامل ہوں گے اور نہ ہی سہولت کار بنیں گے، تاوقتیکہ مصدقہ ریاستی یا وفاقی قانون، فوجداری جوڈیشل وارنٹ، عدالتی حکم یا پروانہ طلبی کی جانب سے ایسا درکار نہ ہو جس کی توثیق محکمے کے قانونی صلاح کار کی جانب سے کاؤنٹی کے وکیل کے ساتھ صلاح و مشورے کے بعد کی گئی ہو۔

F. وفاقی رجسٹریز میں شرکت ممنوع ہے

کاؤنٹی کے کوئی بھی وسائل کسی بھی ایسے وفاقی پروگرام کی تفتیش یا نفاذ کاری میں معاونت کے لیے استعمال نہیں کیے جا سکتے جو شہریت کی بنیاد پر افراد کی رجسٹریشن، امیگریشن کی حیثیت، نسل، آبائی وطن یا آبائی حسب نسب، لسانی مہارت، صنف، صنفی شناخت، جنسی رجحان، مذہب، معذوری یا عمر کی معلومات کا تقاضا کرتا ہو۔

## IV. قابل قبول شناختی دستاویزات

A. وفاقی یا ریاستی قانون یا ضابطے یا واضح فنڈنگ تقاضے کی جانب سے درکار ہونے کے سوا، کاؤنٹی کو خدمات یا وظائف فراہم کرنے کی غرض سے، فرد کی شناخت اور پتے یا دیگر اہم معلومات کی تصدیق کرنے کے لیے ملازمین دستاویزات کاایک مجموعہ قبول کریں گے تاکہ فرد کی رہائش گاہ یا پتے کو خاطرخواہ طور پر ظاہر کیا جائے، جس میں بلاتحدید شامل ہیں:

1. ریاست اور/یا غیر ملکی حکومت یا پیشگی منظور شدہ غیر منافع بخش تنظیم کی جانب سے جاری کردہ تصویری شناختی دستاویز (ID) (جیسا کہ ڈرائیور کا لائسنس، پاسپورٹ یا سفارتی شناختی دستاویزات)۔
2. اگر ایک شخص نے ڈرائیور کا لائسنس یا ریاستی شناختی کارڈ فراہم کیا ہے تو اس قسم کی متبادل ID پیش کرنا کسی فرد کو اعلیٰ سطح کی نگرانی یا جداگانہ سلوک کا مستحق نہیں بنائے گا۔

B. اس سیکشن کا اطلاق وفاقی I-9 فارمز یا اسی طرح کے ان وفاقی یا ریاستی فارمز کی تکمیل پر نہیں ہوتا جو وضع شدہ حالات میں مخصوص نوعیت کی شناخت یا لائسنس کا تقاضا کرتے ہیں۔

## V. ذمہ داریاں

A. ملازمین

1. کاؤنٹی کے ادارتی ضوابط (County’s Personnel Regulations) کے باب 16 کے مطابق، قابل شناخت تمام ذاتی معلومات کی کڑی رازداری کو برقرار رکھیں۔
2. اعتماد کی اس پالیسی میں طے کردہ معیارات پر عمل کریں۔

3. محکموں کے سربراہان اعتماد کی پالیسی سے متعلق، اپنے محکمے کی جانب سے وصول کردہ تمام انتظامی یا جوڈیشل وارنٹس، عدالتی احکامات اور طلبی کے پروانوں کو کاؤنٹی کے اٹارنی جنرل کے دفتر کو یہ تعین کرنے کی غرض سے بھجوائیں گے کہ آیا تعمیل درکار ہے۔

4. اپنے محکموں اور کاؤنٹی کی جانب سے طے کردہ ہدایات پر اس بات کا تعین کرنے کے لیے عمل کریں گے کہ آیا مصدقہ ریاستی یا وفاقی قانون یا ضابطے کی رُو سے کارروائی درکار ہے، جو کہ Fairfax محکمے کے مشن یا ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہے اور/یا موزوں طور پر جس کا دائرہ کار محدود ہے۔ جب تک ہدایات زیر موضوع درخواست، رسائی یا انکشاف کی نوعیت کی واضح اجازت نہ دیں، تب تک ملازمین قابل شناخت ذاتی معلومات تک رسائی دینے سے پہلے محکمے کے سربراہ سے منظوری حاصل کریں گے۔

5. کسی فرد کو حراست میں لینے یا اس کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لیے انتظامی وارنٹ، عدالتی حکم، پروانہ طلبی یا دیگر شہری امیگریشن کی درخواست کے موصول ہونے کے 48 گھنٹوں کے اندر، ہر درخواست کے موضوع کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔ اگر درخواست تحریری ہوئی، تو درخواست کا موضوع درخواست کی ایک نقل کے ساتھ فراہم کیا جائے گا۔

B. <u>دفتر برائے کاؤنٹی وکیل (The Office of the County Attorney)</u>

1. آیا اس اعتماد کی پالیسی کے تحت درخواست کردہ معلومات فراہم کرنی چاہیئیں، اس بارے میں کسی بھی قسم کے قانونی سوالات کے لیے محکموں کے سربراہان دفتر برائے کاؤنٹی وکیل سے رابطہ کریں گے۔

2. محکمے کے سربراہ کی جانب سے پوچھے جانے پر، کاؤنٹی کا وکیل یہ تعین کرے گا کہ آیا اعتماد کی اس پالیسی کے تحت پیش کردہ درخواست کی تعمیل کرنا کاؤنٹی کے لیے ضروری ہے، تاکہ وفاقی یا ریاستی قانون یا ضابطے، عدالتی جوڈیشل وارنٹ، عدالتی حکم یا پروانہ طلبی کی تعمیل کی جائے جو معلومات یا مطلوبہ افراد کی وضاحت کرتے ہیں۔ اگر دفتر برائے کاؤنٹی وکیل یہ تعین کر تا ہے کہ ضابطہ اجراء کار کے دائرہ اختیار میں تھا تو صرف اسی صورت ضابطے کی رُو سے ریلیز کردہ معلومات فراہم کی جائے گی۔ جوڈیشل وارنٹ، عدالتی حکم، یا پروانہ طلبی کی بنیاد پر ریلیز ہوئی معلومات کا دائرہ کار اور پیرامیٹرز، ریلیز کی ہدایت کرنے والی دستاویز تک محدود ہوں گے۔ بصورت دیگر، درخواست کو مسترد کرنے یا معلومات کے تحفظ کے لیے دیگر موزوں اقدام کرنے کے لیے کاؤنٹی کارروائیوں کا آغاز کر دے گی۔

3. ضروری معلومات فراہم کرنے کے لیے محکمے کے ساتھ کام کریں۔

C. <u>محکمے کے سربراہان اور مینیجرز</u>

1. اس پالیسی کے اس طریقے کے لیے محکمے بھر میں اس کے نفاذ اور تعمیل کو یقینی بنائیں، تاکہ ان ہدایات کو شامل کیا جائے جو اس رازدارانہ معلومات کے بارے میں بتاتی ہیں جسے سیکشن III کے مطابق جمع یا عیاں کیا جا بھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔ ہدایات Fairfax کاؤنٹی کی ویب سائٹ پر شائع ہوں گی۔

2. اس پالیسی میں پتے کی خلاف ورزیوں پر موزوں تادیبی اقدامات کو بروئے کار لایا جائے گا، جو کہ کاؤنٹی کے ادارتی ضوابط کے باب 16 یا دیگر تادیبی طریقوں کی مناسبت سے ہوں۔

3. Fairfax کاؤنٹی کے وظائف، مواقعوں، یا خدمات، بشمول قانون نافذ کرنے والی خدمات اور کارروائیوں سے متعلق تمام فارمز کا جائزہ، اعتماد کی اس پالیسی کی رازداری کے تقاضوں کے ساتھ لیں۔ پالیسی کے موثر ہو جانے کے 120 دنوں کے اندر، (a) شہریت، امیگریشن کی حیثیت یا پیدائش کے ملک سے متعلق کوئی بھی سوالات، ماسوائے وہ جو ریاستی یا وفاقی قانون کو درکار ہیں، انہیں حذف کر دیا جائے گا اور (b) خفیہ ذاتی معلومات سے متعلق سوالات کو حذف کر دیا جائے گا یا اس پالیسی کی مناسبت سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

4. موجودہ اور مستقبل کے ان عطیات اور معاہدات، نیز ان نجی ڈیٹا بروکرز کے ساتھ ہوئے معاہدات کی نگرانی کریں، جو قابل شناخت ذاتی معلومات کو عیاں کرنے کی درخواست کرتے اور دریافت کرتے ہیں کہ اعتماد کی اس پالیسی کے تحت شیئر کرنے کے لیے کون سی معلومات درکار ہے۔

5. اعتماد کی پالیسی کے موثر ہو جانے کے چھ ماہ کے اندر، محکمے کے سربراہان اور مینیجرز ایک جائزہ منعقد کریں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ان کے محکمے کے ملازمین اعتماد کی اس پالیسی کی شرائط پر عمل کر رہے ہیں۔

D. <u>کاؤنٹی ایگزیکٹو</u>

1. کاؤنٹی ایگزیکٹو درج بالا سیکشن V C 3 اور 4 کے تحت محکمہ جاتی کارروائیوں کا جائزہ لے گا اور اعتماد کی اس پالیسی کی تعمیل کی تصدیق سپروائزرز کے بورڈ کو کرے گا۔
2. ایسے غیر منافع بخش گروپس جن کی IDs سیکشن IV کے تحت استعمال کی جا سکتی ہیں ان کی منظوری کے لیے ایک طریقہ فی الفور وضع کرے گا اور کاؤنٹی کی ویب سائٹ پر منظور شدہ IDs کو درج کرے گا۔

## VI. انقطاعیت

اس پالیسی کی شرائط قابل انقطاع ہیں۔ قابلیتی دائرہ اختیار کی عدالت نے اگر پالیسی کے کچھ حصے، فراہمی یا پالیسی کی کسی عبارت کو غلط قرار دیا ہے، تو یہ اعلان کردہ غیر درستگی باقی پر اثر انداز نہیں ہوتی۔ کاؤنٹی کی منشا ہے کہ غیر درست جزو کو شامل نہ کرتے ہوئے یہ پالیسی اختیار کر لی جائے گی۔